نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

6 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

408/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

نئے سماجی میڈیا نے پاکستانیوں کو امریکہ کی امدادی کارروائیوں سے منسلک کر دیا

اسلام آباد (6 اگست 2010 ء)___ پاکستان میں آنے والے سیلاب اور امریکہ کی جانب سے کی جانے والی امدادی کارروائیوں کو نہ صرف ملک کے روایتی ذرائع ابلاغ میں کوریج مل رہی ہے بلکہ یہ خبریں مقبول عام سماجی میڈیا نیٹ ورکنگ سائٹس "فیس بک"، "فلکر" اور "یوٹیوب" میں بھی جگہ پا رہی ہیں۔ آن لائن میڈیا استعمال کرنے والا پاکستانی طبقہ اور سٹیزن رپورٹرز امریکہ کی جانب سے سیلاب زدہ علاقوں میں کی جانے والی امدادی کارروائیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات امریکی سفارتخانہ کی ویب سائٹ (islamabad.usembassy.gov/) سے حاصل کر سکتے ہیں۔

"فیس بک" استعمال کرنے والا پاکستانی طبقہ امریکہ کی امدادی سرگرمیوں کے بارے میں جاننے کیلئے (http://www.facebook.com/pakistan.usembassy) پر امریکی سفارتخانہ کا فیس بک صفحہ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ امریکی محکمۂ خارجہ کی "یوٹیوب" ویب سائٹ (http://www.youtube.com/StateDepartment) پر تقاریر اور پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی مدد کیلئے امریکہ کی کوششوں کی ویڈیوز دستیاب ہیں۔ امریکہ کی امدادی کارروائیاں محکمۂ خارجہ کے "فلکر" پیج (http://www.flickr.com/photos/statephotos) پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

29 جولائی کو آنے والے المناک اور تباہ کن سیلاب سے لگ بھگ 45 لاکھ افراد متاثر ہوئے ہیں۔ امریکی سفارتخانہ کے ملازمین اور پاکستانی عوام ٹیلیفون نمبر 1234 پر ٹیکسٹ میسیج کے ذریعے عطیہ دے کر پاکستان کیلئے ہنگامی امداد کی خاطر رقوم جمع کر رہے ہیں جو وزیر اعظم کے فنڈ برائے فلڈ ریلیف کو ارسال کی جاتی ہیں۔ امریکہ کا ردعمل ہماری انسانی اقدار اور پاکستان کے ساتھ ہماری گہری وابستگی سے ہم آہنگ ہے۔

وزیر خارجہ کلنٹن نہ صرف دوستوں اور خاندان کے درمیان بلکہ افہام و تفہیم کی غرض سے گفت و شنید کرنے، نت نئے خیالات اور اہم معلومات کے تبادلے، اور معاشرتی تعلقات کے فروغ کیلئے بھی سماجی میڈیا کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔

###